**الطاف حسین نے سندھ اور بلوچستان کے ساحلی علاقوں میں ممکنہ سمندری طوفان،**

**سیلاب اور طوفانی بارشوں سے متاثرین کی امداد کیلئے تنظیمی طور پر ہنگامی صورتحال نافذ کردی**

**ایم کیوایم کے کارکنان ساحلی علاقوں کے متاثرین کومحفوظ مقامات پر منتقل کرنے اورانہیں پانی،غذائی امداد پہنچانے کیلئے سرگرم ہوجائیں اور امدادی سرگرمیوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں**

**ایم کیوایم بلوچستان کے کارکنان گوادر،جیوانی اور دیگر متاثرہ علاقوں کے متاثرہ لوگوں کی ہرممکنہ مدد کریں**

**خدمت خلق فاؤنڈیشن کوامدادی سرگرمیاں تیز کرنے اور میڈیکل ایڈ کمیٹی کو طبی امدادی کیمپ قائم کرنے کی ہدایت**

**سیلاب اور طوفانی بارشوں کے متاثرین کی امداد کیلئے ایم کیوایم کی جانب سے فوری طور پر 25 لاکھ روپے کی امداد کا اعلان**

**رابطہ کمیٹی،کراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی،میڈیکل ایڈ کمیٹی،دیگر شعبہ جات،اندرون سندھ کے زونوں اورایم کیوایم بلوچستان کے آرگنائزر یوسف شاہوانی سے ٹیلیفون پر علیحدہ علیحدہ گفتگو**

**مخیرّ حضرات سیلاب اور طوفانی بارشوں کے متاثرین کی امداد کیلئے بڑھ چڑھ کر عطیات دیں۔الطاف حسین کی اپیل**

لندن۔۔۔5 جون 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے صوبہ سندھ اور بلوچستان کے ساحلی علاقوں میں ممکنہ سمندری طوفان،سیلاب اور طوفانی بارشوں سے متاثرین کی امداد کیلئے تنظیمی طور پر ہنگامی صورتحال نافذ کردی ہے اورسندھ اور بلوچستان سے تعلق رکھنے والے ایم کیوایم کے تمام کارکنوں اورذمہ داروں اورشعبہ جات کوہدایت کی ہے کہ وہ متاثرین کی امداد کیلئے ہنگامی بنیادوں پر امدادی سرگرمیاں شروع کردیں اورامدادی سرگرمیوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں ۔ انہوں نے یہ بات آج ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پر رابطہ کمیٹی،کراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی،میڈیکل ایڈ کمیٹی،دیگر شعبہ جات،اندرون سندھ کے زونوں اورایم کیوایم بلوچستان کے آرگنائزر یوسف شاہوانی سے ٹیلیفون پر علیحدہ علیحدہ گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ جناب الطاف حسین نے ذمہ داران سے گفتگو کرتے ہوئے ان سے ابراہیم حیدری سمیت کراچی کے تمام ساحلی علاقوں ٹھٹھہ،بدین اورسندھ کے دیگر ساحلی علاقوں کی تازہ ترین صورتحال معلوم کی۔ ذمہ داران نے انہیں ممکنہ سمندری طوفان اور بارشوں کے باعث ساحلی علاقوں میں پھنسے ہوئے افراد اور گھروں سے نقل مکانی کرنے والے افراد کی مشکلات سے آگاہ کیا۔ جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم بلوچستان کے آرگنائزر یوسف شاہوانی سے رابطہ کرکے ان سے بلوچستان کی صورتحال معلوم کی۔ یوسف شاہوانی نے جناب الطاف حسین کو بلوچستان میں طوفانی بارشوں کے باعث گوادر،جیوانی اور دیگر ملحقہ علاقوں میں آنے والی تباہی اور متاثرہ عوام کی مشکلات سے آگاہ کیا ۔جناب الطاف حسین نے طوفانی بارشوں اور سیلاب سے ہونیوالے نقصانات پر دلی افسوس کا اظہار کیا اور مختلف ساحلی علاقوں میں پھنسے ہوئے افراد اور سیلاب اور طوفانی بارشوں کے متاثرین کی امداد کیلئے ایم کیوایم کی جانب سے فوری طور پر 25 لاکھ روپے کی امداد کا اعلان کیا۔انہوں نے رابطہ کمیٹی کو ہدایت کی کہ وہ ابراہیم حیدری،بابا، بھٹ،منوڑہ،شمس پیر،صالح آباد،ریڑھی سمیت کراچی کے دیگر متاثرہ علاقوں اور ٹھٹھہ،بدین اورسندھ کے دیگر متاثرہ علاقوں میں فوری طور پر امداد پہنچانے کا بندوبست کریں۔انہوں نے ایم کیوایم کی کراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان اوراندرون سندھ کے زونوں کے ذمہ داروں اورکارکنوں کوہدایت کی کہ وہ ساحلی علاقوں کے متاثرین کومحفوظ مقامات پر منتقل کرنے اورانہیں پانی،غذائی امداد پہنچانے کیلئے سرگرم ہوجائیں اورامدادی سرگرمیوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں۔انہوں نے بلوچستان کے کارکنوں کوبھی ہدایت کی کہ وہ گوادر،جیوانی اوردیگر متاثرہ علاقوں کے متاثرہ لوگوں کی ہرممکنہ مدد کریں۔ جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کواپنی امدادی سرگرمیاں تیز کرنے اورایم کیوایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کومتاثرین کوطبی امداد فراہم کرنے کیلئے طبی امدادی کیمپ قائم کرنے کی ہدایت کی ۔ جناب الطاف حسین نے عوام خصوصاً مخیرّ حضرات سے بھی اپیل کی کہ وہ ممکنہ سمندری طوفان اورسیلاب اورطوفانی بارشوں کے متاثرین کی امداد کیلئے بڑھ چڑھ کر عطیات دیں اورقدرتی آفات کے باعث تباہی کا شکار اور بھوک پیاس میں مبتلا افراد کو پانی اورغذائی امداد پہنچانے کیلئے کراچی میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مرکز یا حیدرآباد اورسندھ کے دیگر شہروں میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مراکز پر پانی کی بوتلیں،خشک اجناس، کپڑے اوردیگر امدادی سامان پہنچائیں۔

☆☆☆☆☆